سوال

(327)اشعار راگ کے ساتھ خطبہ پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ میں اکثر لوگ علمی کا خطبہ پڑھا کرتے ہیں۔ جس کے اندر اشعار بھی ہوتے ہیں۔ جو مانند گانے کے پڑھا جاتا ہے۔ کیا اس طرح کے اشعار راگ کے ساتھ خطبہ کے وقت پڑھنا یا سننا جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ ﷺ کے خطبہ مسنونہ کا ذکر ان لفظوں میں آیا ہے۔

"کانت لرسول اللہ خطبتان یقرا القران ویذکر الناس"

خطبہ مسنون یہ ہے کہ قرآن شریف کے ساتھ نصیحت کرے۔ اس کے سوا خطبہ محض نظم میں ہو یا محض نثر میں غیر مسنون ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص530

محدث فتویٰ